آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ

ABC CERTIFIED

بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)

DAILY ETTELAAT KARACHI

روزنامہ اطلاعات کراچی

بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ

چیف ایڈیٹر طاہر ملک

ایڈیٹر: میاں طارق جاوید

ETTELAATKHI@GMAIL.COM

جلد نمبر: 27 | 19 ذوالحجہ 1447 | جمعہ 05 جون 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 80

حکومت نے عوام پر بجلی گرادی

مہنگی بجلی مزید مہنگی کردی گئی

لائف لائن صارفین پر اضافی چارج لاگو نہیں ہوگا، پری پیڈ صارفین، الیکٹرک وہیکل چارجنگ اسٹیشنز بھی اضافی وصولی سے مستثنیٰ ہوں گے

انکریمنٹل کنزمپشن پیکیج کے تحت استعمال شدہ یونٹس پر بھی فیول ایڈجسٹمنٹ لاگو ہوگا اور اپریل کے استعمال شدہ یونٹس کی بنیاد پر اضافی رقم وصول کی جائے گی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صنائی چارجز کی وصولی روماں کے کیس کے ساتھ ہی، بجلی کے فی یونٹ ایک روپے 19 پیسے اضافہ کا فیصلہ کیا، بجلی کے صرف چلیے وفاقی کمرشل ایڈمنسٹریشن کی مدمیں ٹیکسز، الیکٹرک پاور سپلائی کارپوریشن کے مطابق اس کا اطلاق کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق نیپرا کے ایک اجلاس میں کمرشل ایڈمنسٹریشن کی مدمیں فی یونٹ ایک روپے 19 پیسے اضافہ کا فیصلہ کیا گیا، بجلی کے صارفین پر اضافی چارج لاگو نہیں ہوگا، پری پیڈ صارفین، الیکٹرک وہیکل چارجنگ اسٹیشنز بھی اضافی وصولی سے مستثنیٰ ہوں گے، انکریمنٹل کنزمپشن پیکیج کے تحت استعمال شدہ یونٹس پر بھی فیول ایڈجسٹمنٹ لاگو ہوگا اور اپریل کے استعمال شدہ یونٹس کی بنیاد پر اضافی رقم وصول کی جائے گی، ٹرانسمیشن کی جاری کی گئی ہدایات کے مطابق بجلی صارفین کو فی یونٹ 2026 کی بجلی وصول کرنے کا فیصلہ کیا گیا، بجلی کے صارفین کو فی یونٹ ایک روپے 19 پیسے اضافہ کا فیصلہ کیا گیا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن ملاقات کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل مملکۃ امن معاہدے کی ڈرافٹنگ خود کر رہے ہیں

فیصل داؤد

عاصم منیر خطے تک محدود نہیں پوری دنیا کے امن کیلئے خود بطور فرد واحد زبردست کردار ادا کر رہے ہیں

پاکستان میں بڑے عالمی رہنماؤں کے ساتھ دنیا کے امن کی وہ تاریخ رقم ہوگی جس کا کسی نے گمان بھی نہیں کیا ہوگا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) عاصم منیر نے پاکستان کے بعد صرف خطے تک محدود نہیں رہے، وہ دنیا کے امن کیلئے خود کردار ادا کر رہے ہیں، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے مملکۃ امن معاہدے کی ڈرافٹنگ خود کی، فیصل داؤد کا ٹی وی چینل پر گفتگو، فیصل داؤد نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے سعودی ولیعہد سے مذاکرات کی، واہ معاہدوں کی ڈرافٹنگ خود اپنے ہاتھوں سے کر رہے ہیں۔ آزاد حیثیت میں ایران، یا اسرائیل (مجاہد) کے درمیان ہونے والے معاہدے کیلئے فیصل داؤد کا سعودی ولیعہد کے ساتھ ٹیلی فون پر رابطہ، عاصم منیر نے سعودی ولیعہد سے ایران کے ساتھ معاہدے کی ڈرافٹنگ خود کی،

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے پاک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سید زاہد حسن
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر شرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

امریکا ایران مذاکرات اور لبنان بحران کا امتحان

مشرق وسطیٰ ایک مرتبہ پھر ایسے دوراہے پر کھڑا ہے جہاں سفارت کاری اور تصادم، دونوں امکانات بیک وقت موجود ہیں۔ ایک جانب امریکا اور ایران کے درمیان جاری مذاکرات میں پیش رفت کی اطلاعات سامنے آرہی ہیں اور دونوں ممالک مجوزہ معاہدے کے مسودوں، ترامیم اور تجاویز کا تبادلہ کر رہے ہیں، جب کہ دوسری جانب لبنان میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں اور نئی پیش قدمی نے خطے کے سیاسی افق پر تشویش کی نئی لہریں پیدا کر دی ہیں۔ بظاہر یہ دو الگ الگ معاملات دکھائی دیتے ہیں لیکن حقیقت میں دونوں ایک دوسرے سے گہرے طور پر جڑے ہوئے ہیں۔ خطے کی موجودہ جغرافیائی سیاست میں قدر باہم مربوط ہو چکی ہے کہ ایک محاذ پر پیدا ہونے والی کشیدگی دوسرے محاذ پر جاری سفارتی عمل کو براہ راست متاثر کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج امریکا اور ایران کے درمیان جاری مذاکرات کو صرف جوہری پروگرام یا پابندیوں کے تناظر میں نہیں بلکہ پورے مشرق وسطیٰ کے مستقبل کے حوالے سے دیکھا جا رہا ہے۔ امریکی ذرائع کے مطابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ زیر غور معاہدے کے ابتدائی مسودے میں متعدد ترامیم شامل کرنے کی ہدایت دی ہے۔ اطلاعات کے مطابق ان ترامیم کا تعلق ایران کے افزودہ یورینیم کے مستقبل، جوہری تنصیبات کے طریقہ کار اور آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت سے متعلق نکات سے ہے۔ امریکی انتظامیہ کا مقصد یہ ہے کہ معاہدے کے متن کو اس انداز میں مرتب کیا جانا چاہیے کہ مستقبل میں کسی ممکن قانونی یا سیاسی ابہام کی گنجائش باقی نہ رہے۔ واشنگٹن اس بات کو یقینی بنانا چاہتا ہے کہ اگر کوئی معاہدہ طے پاتا ہے تو اس پر عمل درآمد کی نگرانی مؤثر انداز میں ہو سکے اور بعد میں فریقین کے درمیان اختلاف تعبیر کی بنیاد پر نئے تنازعات جنم نہ لیں۔ یہ مقصد اپنی جگہ درست، کیونکہ بین الاقوامی معاہدوں کی کامیابی کا انحصار اکثر ان کی تفصیلات پر ہوتا ہے۔ تاہم اس حقیقت سے بھی انکار ممکن نہیں کہ حد سے زیادہ احتیاط اور مسلسل نئی شرائط کا اضافہ بعض اوقات مذاکراتی عمل کو سست اور پیچیدہ بنا دیتا ہے۔ سفارت کاری میں بعض مواقع ایسے آتے ہیں جب فریقین کو مکمل اطمینان کے انتظار کے بجائے قابل قبول اتفاق رائے پر توجہ مرکوز کرنا پڑتی ہے، اگر یہ نکتے پر سوچیدہ خامت کی شرط عائد کر دی جائے تو معاہدے تک پہنچنا تقریباً ناممکن ہو جاتا ہے۔ دوسری جانب ایران کی قیادت یہ موقف میں کسی خاص نرمی کا اظہار نہیں کر رہی۔ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف نے واضح الفاظ میں کہا ہے کہ صرف بیانات اور وعدوں کی بنیاد پر امریکا سے ساتھ کوئی معاہدہ نہیں ہو سکتا۔ ان کے مطابق ایران کو عملی اقدامات درکار ہیں، کیونکہ ماضی کے تجربات نے تہران کو محتاط بنا دیا ہے۔ ایرانی قیادت یہ موقف اختیار کر رہی ہے کہ گزشتہ برسوں میں کیے گئے متعدد وعدے عملی صورت اختیار نہ کر سکے۔

ابراہیمی معاہدہ: سفارت کاری، مفادات اور خطے کی نئی سیاست

تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

دنیا بھر کے مسلمان حج اور قربانی کے روحانی فریضے کی تیاری میں مصروف تھے، اسی دوران سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک ویڈیو پیغام میں آٹھ اہم عرب و مسلم ممالک کی قیادت کے سامنے ابراہیمی معاہدے میں شمولیت کا مطالبہ کر کے ایک نئی سفارتی بحث چھیڑ دی۔ اس معاہدے کا مقصد اسرائیل اور بعض عرب ممالک کے درمیان تعلقات کو معمول پر لانا بتایا جاتا ہے، لیکن اس کی ٹائمنگ اور انداز بیان نے کئی سوالات کو جنم دیا ہے۔ خاص طور پر ایران کے ساتھ جاری کشیدگی کے تناظر میں یہ اقدام کئی اہم سوالات کو جنم دیتا ہے۔ ایران کی قیادت نے واضح کیا ہے کہ وہ کسی بھی ایسے معاہدے کو تسلیم نہیں کرے گی جو خطے میں اسرائیل کی سلامتی کو یقینی بنانے کی کوشش کرے۔ اس کا مؤقف ہے کہ آج امریکا اور ایران کے درمیان جاری مذاکرات کو صرف جوہری پروگرام یا پابندیوں کے تناظر میں نہیں بلکہ پورے مشرق وسطیٰ کے مستقبل کے حوالے سے دیکھا جا رہا ہے۔ امریکی ذرائع کے مطابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ زیر غور معاہدے کے ابتدائی مسودے میں متعدد ترامیم شامل کرنے کی ہدایت دی ہے۔ اطلاعات کے مطابق ان ترامیم کا تعلق ایران کے افزودہ یورینیم کے مستقبل، جوہری تنصیبات کے طریقہ کار اور آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت سے متعلق نکات سے ہے۔ امریکی انتظامیہ کا مقصد یہ ہے کہ معاہدے کے متن کو اس انداز میں مرتب کیا جانا چاہیے کہ مستقبل میں کسی ممکن قانونی یا سیاسی ابہام کی گنجائش باقی نہ رہے۔ واشنگٹن اس بات کو یقینی بنانا چاہتا ہے کہ اگر کوئی معاہدہ طے پاتا ہے تو اس پر عمل درآمد کی نگرانی مؤثر انداز میں ہو سکے اور بعد میں فریقین کے درمیان اختلاف تعبیر کی بنیاد پر نئے تنازعات جنم نہ لیں۔ یہ مقصد اپنی جگہ درست ہے، کیونکہ بین الاقوامی معاہدوں کی کامیابی کا انحصار اکثر ان کی تفصیلات پر ہوتا ہے۔ تاہم اس حقیقت سے بھی انکار ممکن نہیں کہ حد سے زیادہ احتیاط اور مسلسل نئی شرائط کا اضافہ بعض اوقات مذاکراتی عمل کو سست اور پیچیدہ بنا دیتا ہے۔ سفارت کاری میں بعض مواقع ایسے آتے ہیں جب فریقین کو مکمل اطمینان کے انتظار کے بجائے قابل قبول اتفاق رائے پر توجہ مرکوز کرنا پڑتی ہے، اگر یہ نکتے پر سوچیدہ خامت کی شرط عائد کر دی جائے تو معاہدے تک پہنچنا تقریباً ناممکن ہو جاتا ہے۔ دوسری جانب ایران کی قیادت یہ موقف میں کسی خاص نرمی کا اظہار نہیں کر رہی۔ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف نے واضح الفاظ میں کہا ہے کہ صرف بیانات اور وعدوں کی بنیاد پر امریکا سے ساتھ کوئی معاہدہ نہیں ہو سکتا۔ ان کے مطابق ایران کو عملی اقدامات درکار ہیں، کیونکہ ماضی کے تجربات نے تہران کو محتاط بنا دیا ہے۔ ایرانی قیادت یہ موقف اختیار کر رہی ہے کہ گزشتہ برسوں میں کیے گئے متعدد وعدے عملی صورت اختیار نہ کر سکے۔

ریاستی استحکام کا سوال اور سیاسی شکوؤں کی سیاست

تحریر: اسلم خان
چیئرمین کراچی گرینڈ الائنس

سابق وزیراعظم اور شریف کے نگلت پاکستان میں دیے گئے حالیہ بیان نے ایک نئی سیاسی بحث کو جنم دیا ہے۔ انہوں نے ملاقاتی کے محرومیوں اور قومی مسائل پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نگلت میں پیک کا ادھم مرکز کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ ان کے مطابق 2017 میں ان کی حکومت نے نگلت پاکستان کو مستقل پر ایک کمیٹی تشکیل دی تھی جس کی سفارشات پر عمل نہ ہو سکا، تاہم کمیٹی کے اقدام کو وہ اہم قرار دیتے ہیں۔ ان کا مؤقف ہے کہ اگر اس کمیٹی کی سفارشات پر عمل کیا جاتا تو صورتحال مختلف ہو سکتی تھی۔ ان کا کہنا ہے کہ نگلت پاکستان کو ہمیشہ نظر انداز کیا گیا، جس کے باعث وہاں احساس محرومی اور سیاسی تناؤ میں اضافہ ہوا۔ ان کے مطابق نگلت کے عوام کو ہمیشہ وفاقی سطح پر مساوی حیثیت نہیں دی گئی

اطلاعات 01

ایک ہی ضلع کے تمام ہوٹلز، مہمان خانوں اور گیسٹ ہاؤسز کی موجودہ صورتحال کی رپورٹ 12 ستمبر اور 12 دسمبر کو طلب کی جائے گی۔ دوسرے کے دوران ہوٹلز، مہمان خانوں اور گیسٹ ہاؤسز کی مکمل چیکنگ کی جائے گی۔ ہوٹلز کی فائر سیفٹی انسٹالیشن کا اندراج کرنے ہوگا کہ کوئی غیر قانونی کام نہیں ہوگا۔ اس کے بعد ہوٹلز اور مہمان خانوں کو ہدایت کی جائے گی کہ وہ اپنے ہوٹلز کی فائر سیفٹی انسٹالیشن کا اندراج کرائیں۔ اس کے بعد ہوٹلز کی چیکنگ کی جائے گی۔ ہوٹلز کی چیکنگ کے دوران

گلگت بلتستان انتخابات میں PTI قیادت کو دیوار سے لگایا جا رہا ہے — حلیم عادل شیخ

پی ٹی آئی کو انتخابی مہم سے روکنا جمہوری اصولوں کیخلاف ہے' گلگت بلتستان کے عوام عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں، شفاف انتخابات کرائے جائیں

گلگت بلتستان میں PTI کی قیادت کو زبردستی باہر نکالا جا رہا ہے، دوسری جانب بلاول بھٹو، نواز شریف اور ان کے سیاسی ساتھیوں کیلئے ریڈ کارپٹ بچھایا جا رہا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے گلگت بلتستان انتخابات کی صورتحال پر اپنے ایک اہم ویڈیو بیان میں کہا ہے کہ گلگت بلتستان میں آج ایک ریاست، دو دستور کا کھلا مظاہرہ دیکھا جا سکتا ہے، جہاں ریاست تو ایک ہے مگر قوانین اور رویے مختلف نظر آ رہے ہیں۔ حلیم عادل شیخ نے کہا کہ گلگت بلتستان میں پاکستان تحریک انصاف کی قیادت کو زبردستی باہر نکالا جا رہا ہے، جبکہ دوسری جانب بلاول بھٹو، نواز شریف اور ان کے سیاسی ساتھیوں کے لیے ریڈ کارپٹ بچھایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی جماعتوں کو کھلی چھوٹ دی جا رہی ہے جبکہ ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کو انتخابی مہم چلانے سے روکا جا رہا ہے، جو جمہوری اصولوں اور سیاسی مساوات کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر پی ٹی آئی کی قیادت گلگت بلتستان جاتی ہے تو انہیں گرفتار کیا جاتا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر17

قاسم آباد کے مختلف علاقوں میں بجلی چوروں کیخلاف تابڑ توڑ کارروائیاں

نو اور اولڈ مین سٹی میں بجلی کے ڈائریکٹ کنڈا لگانے والوں کیخلاف رینجرز سمیت بھرپور آپریشن کیا گیا

ہم قاسم آباد ڈویژن میں کنڈا سسٹم کے نظام کو جڑ سے ختم کر دیں گے: اسد اللہ پیرزادہ، بلال رند

حیدرآباد (رپورٹ: غلام حسین) حیدرآباد حیسکو قاسم آباد کے مختلف علاقوں میں حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری کے احکامات پر مسلسل بجلی چوروں کے خلاف تابڑ توڑ کارروائیاں جاری رہیں گی۔ قاسم آباد واپڈا سب ڈویژن کے مختلف علاقوں گلشن مہران، لب مہران، فقیر ون اور نو اور اولڈ مین سٹی میں بجلی کے ڈائریکٹ کنڈا لگانے والوں کیخلاف رینجرز سمیت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر3

سیکیورٹی ڈویژن کے ریٹائر ہونے والے اہلکاروں کے اعزاز میں ظہرانے کا انعقاد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سیکیورٹی ڈویژن کے مختلف یونٹس سے تعلق رکھنے والے 28 ریٹائر ہونے والے افسران و اہلکاروں کے اعزاز میں ایک باوقار تقریب اور ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔ ان اہلکاروں کا تعلق پولیس مددگار 15، کورٹ پولیس، اسپیشل سیکیورٹی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر19

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

سیکٹر A-11 میں پارک اور B-11 میں پینے کے پانی کی لائن کے کام کا معائنہ

نیو کراچی ٹاؤن میں عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے نیو کراچی کے مختلف سیکٹرز کا دورہ کرتے ہوئے جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے سیکٹر A-11 میں زیر تعمیر پارک اور سیکٹر B-11 میں پینے کے پانی کی نئی لائن کی تنصیب کے کام کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر1

سندھ حکومت کا اقلیتی طلبہ کیلئے تعلیمی اسکالرشپ چیک کل تقسیم ہوں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اقلیتی برادریوں کے نوجوانوں کو تعلیم کے میدان میں آگے بڑھانے کے لیے سندھ حکومت نے ایک اور بڑا قدم اٹھا لیا۔ محکمہ اقلیتی امور حکومت سندھ کی جانب سے کل بروز جمعہ 05 جون 2026 کو لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر18

ای پی سی اے سکھر کا مہنگائی کیخلاف احتجاج، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کا مطالبہ

بڑھتی ہوئی مہنگائی کے باعث سرکاری ملازمین شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں: مقبول حسین

ان کے جائز مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو ایپکا اپنی احتجاجی تحریک کو تیز کرے گی

سکھر (کے بی ٹیج) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (اپکا) ای پی سی اے (ضلع سکھر) نے بڑھتی ہوئی مہنگائی اور ملازمین کے مطالبات کی عدم منظوری کے خلاف محمد بن قاسم پارک میں احتجاجی مظاہرہ کیا۔ احتجاجی مظاہرے میں پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے مرد و خواتین ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مظاہرے کی قیادت اپکا سندھ کے صدر مقبول حسین

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر2

اپنے حق کیلئے آواز بلند کرنا بھی شہر قائد میں جرم بن گیا — بلال عباس قادری

بنیادی سہولیات کے مطالبے پر احتجاج کرنے والوں پر طاقت کا استعمال حکومتی ناکامی ہے' کراچی سے بھرپور وصولیاں مگر شہری بنیادی حقوق سے محروم

16 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ، گیس و پانی کی بندش نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی' حکومت عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں ناکام ہے' مرکزی صدر PST

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے مرکزی صدر صاحبزادہ علامہ بلال عباس قادری نے کہا ہے کہ شہر قائد میں اپنے بنیادی حقوق اور جائز مطالبات کے لیے آواز بلند کرنا بھی جرم بنا دیا گیا ہے۔ بنیادی سہولیات کے حصول کے لیے احتجاج کرنے والے شہریوں کے خلاف طاقت کا استعمال اور ان کی آواز کو دبانے کی کوشش کرنا حکومتی ناکامی اور عوامی مسائل سے بے حسی کی واضح مثال ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر اور ملکی معیشت کا اہم ترین مرکز ہے، جہاں سے اربوں روپے کے ٹیکس اور محصولات وصول کیے جاتے ہیں، مگر افسوس کہ کراچی کے شہری آج بھی پانی، بجلی، گیس، صحت، تعلیم اور ٹرانسپورٹ جیسی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ کراچی سے وصولی تو پوری کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر20

کراچی میں بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی شہریوں کیلئے عذاب بن چکی — اسامہ جعفری

کراچی میں ٹوٹی سڑکیں' ناقص سیوریج نظام' پانی کی قلت، کچرے کے ڈھیر اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی شہریوں کیلئے روزمرہ کا معمول بن چکی ہے

چند مخصوص علاقوں یا ترقیاتی منصوبوں کو دکھا کر پورے کراچی کی صورتحال کو بہتر ظاہر نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ یہ صرف نمائشی دعوے ہیں: رہنما مسلم لیگ فنکشنل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کراچی ڈویژن کے اطلاعات سیکریٹری اسامہ جعفری نے اپنے جاری کردہ بیان میں سندھ حکومت کے ترجمان کے اس موقف کو سختی سے مسترد کیا ہے، جس میں کہا گیا تھا کہ کراچی میں رہنا ایسے ہی ہے جیسے پیرس میں رہنا۔ انہوں نے اس بیان کو کراچی کے عوام کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف اور زمینی حقائق کے منافی قرار دیا ہے۔ اسامہ جعفری نے کہا کہ کراچی اس وقت شدید مسائل کا شکار ہے، جہاں ٹوٹی پھوٹی سڑکیں، ناقص سیوریج نظام، پانی کی قلت، کچرے کے ڈھیر اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی شہریوں کے لیے روزمرہ کا معمول بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سترہ سال سے سندھ میں پیپلز پارٹی کی حکومت کے باوجود کراچی کے حالات میں کوئی واضح بہتری نظر نہیں آئی اور شہر مسلسل نظر انداز کیا جا رہا ہے۔

ٹاؤن میونسپل ناظم آباد میں بجٹ سے متعلق مشاورتی اجلاس کا انعقاد

اجلاس کی صدارت سید محمد مظفر نے وائس چیئرمین محمد نعمان صدیقی اور میونسپل کمشنر عزیز الرحمن میمن کے ہمراہ کی

ٹاؤن کی بہتری اور شہری سہولیات میں اضافے کے لیے مربوط حکمت عملی اپنائی جا رہی ہے: محمد نعمان صدیقی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ناظم آباد کی جانب سے مالی سال 2026-27 کے مجوزہ بجٹ کی تیاری کے سلسلے میں ایک اہم مشاورتی اجلاس کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن سید محمد مظفر، وائس چیئرمین محمد نعمان صدیقی اور میونسپل کمشنر عزیز الرحمن میمن نے مشترکہ طور پر کی۔ اجلاس میں ٹاؤن کے مختلف محکموں کے تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس نے شرکت کی اور اپنے اپنے شعبوں سے متعلق تجاویز، مسائل اور آئندہ مالی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر5

عوام کے فلاحی منصوبوں میں لاپرواہی برداشت نہیں کی جائیگی — محمد علی ملکانی

وزیر اعلیٰ معلومات لیتے رہتے ہیں اس لیے جو بھی افسر ترقیاتی کاموں میں سستی اور لاپرواہی کا مظاہرہ کرے گا اسے گھر کی ٹکٹ جاری کر دی جائیگی

پرانے نامکمل منصوبے اب بنانے کے قابل نہیں رہے، اخراجات کی تمام تفصیلات انکوائری کے لیے سی ایم آئی ٹی کے حوالے کرنے کا حکم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عوام کی فلاح و بہبود کے لیے جو بھی ترقیاتی اسکیمیں اور منصوبے شروع کیے گئے ہیں انہیں مقررہ وقت کے اندر مکمل کیا جائے،

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر21

مینجمنٹ ایسوسی ایشن پاکستان کا مقامی ہوٹل میں MAP TALK کا انعقاد

مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) کے موضوعات پر قیمتی معلومات فراہم کیں

ہمایوں بشیر اور الیس کریم نے ان جدید ٹیکنالوجیز کے فوائد، پیدا ہونے والے مواقع پر تفصیلی روشنی ڈالی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مینجمنٹ ایسوسی ایشن آف پاکستان (MAP) نے ایک مقامی ہوٹل میں "MAP Talk" کا انعقاد کیا، جس میں ماہرین نے ڈیجیٹل کرنسی، خصوصاً بٹ کوائن، اور مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) کے موضوعات پر قیمتی معلومات فراہم کیں۔ اس موقع پر ہمایوں بشیر اور طالب الیس کریم نے خطاب کرتے ہوئے ان جدید ٹیکنالوجیز کے فوائد، چیلنجز اور مستقبل میں پیدا ہونے والے مواقع پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ مقررین نے کاروبار،

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر4

چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن سید مظفر، وائس چیئرمین محمد نعمان صدیقی اور میونسپل کمشنر عزیز الرحمن میمن کے ہمراہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

رکشہ حادثے کا شکار، تیز رفتار وین کی ٹکر سے 8 بچوں سمیت 25 افراد زخمی

حادثہ اتنا شدید تھا کہ رکشے میں سوار متعدد افراد زخمی ہو گئے اور موقع پر چیخ و پکار مچ گئی

مقامی افراد، ٹیموں اور پولیس اہلکاروں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے زخمیوں کو اسپتال منتقل کیا

ٹنڈو جام (نامہ نگار) رکشہ حادثے کا شکار، تیز رفتار وین کی ٹکر سے 8 بچوں سمیت 25 افراد زخمی، 8 کی حالت تشویشناک ہے ٹنڈو جام کے ورکشاپ اسٹاپ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر8

مینجمنٹ ایسوسی ایشن آف پاکستان (MAP) نے ایک مقامی ہوٹل میں "MAP Talk" میں ہمایوں بشیر خطاب کر رہے ہیں

سگ گزیدگی سے 11 اموات سندھ حکومت کی ناکامی ہے — رضوان نیازی

طبی سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں اور اینٹی ریبیز ویکسین لگنے کے باوجود اموات کا رپورٹ ہونا محکمہ صحت سندھ کی نااہلی اور ناقص حکمت عملی کا منہ بولتا ثبوت ہے

کراچی میں آوارہ کتوں کی بھرمار کے باعث شہری خصوصاً بچے، خواتین اور بزرگ شدید خوف و ہراس کا شکار ہیں اور گھروں سے نکلنا تک دشوار ہو چکا ہے: رہنما PTI

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے نائب صدر رضوان نیازی نے کراچی میں آوارہ کتوں کی بڑھتی تعداد اور سگ گزیدگی کے خطرناک حد تک بڑھتے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ حکومت اور میئر کراچی کی نااہلی کے باعث شہریوں کو آوارہ کتوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ رضوان نیازی نے کہا کہ رواں برس کراچی میں 40 ہزار سے زائد کتے کے کاٹنے کے کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں جبکہ 11 قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں۔ اس کے علاوہ متعدد ریبیز کے مریض زیر علاج ہیں، جبکہ روزانہ 150 سے زائد متاثرہ افراد کراچی کے مختلف اسپتالوں میں لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ شہر کے اسپتالوں میں طبی سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر22

سینئر فنکار خالد ظفر سیاسی سماجی ثقافتی رہنما سید سہیل عابدی اور شوبز جرنلسٹس و چیئرمین ایشین آرٹ کونسل اسلم محمود دہلوی

سندھ حکومت کا میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے نتائج کی تاریخوں کا اعلان

صوبہ بھر میں میٹرک کے نتائج 10 جولائی جبکہ انٹرمیڈیٹ کے نتائج 31 جولائی تک لازمی جاری کر دیے جائیں گے

یہ اہم فیصلے وزیر جامعات و تعلیمی بورڈز محمد اسماعیل راہو کی زیر صدارت سیکریٹری جامعات کے دفتر میں منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں کیے گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت نے صوبے بھر میں میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے سالانہ امتحانات کے نتائج جاری کرنے کی تاریخوں کا باقاعدہ اعلان کر دیا ہے۔ فیصلے کے مطابق صوبہ بھر میں میٹرک کے نتائج 10 جولائی جبکہ انٹرمیڈیٹ کے نتائج 31 جولائی تک لازمی جاری کر دیے جائیں گے۔ یہ اہم فیصلے وزیر جامعات و تعلیمی بورڈز محمد اسماعیل راہو کی زیر صدارت سیکریٹری جامعات کے دفتر میں منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں کیے گئے۔ اجلاس میں سیکریٹری جامعات محمد عباس بلوچ اور صوبے کے تمام تعلیمی بورڈز کے چیئرمینز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران صوبہ بھر میں حال ہی میں مکمل ہونے والے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے سالانہ امتحانات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور تمام تعلیمی بورڈز کے چیئرمینز نے اپنے اپنے بورڈز میں امتحانی عمل کے حوالے سے بریفنگ دی۔

گاؤں خادم حسین شر میں مستحق خاندانوں میں راشن پیکیج تقسیم

انسانی ہمدردی کے تحت 63 خاندانوں میں اسمارٹ سولر سسٹم اور سولر پنکھے تقسیم کیے

نواب شاہ (رپورٹ: ادریس قریشی) ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد عبدالصمد نظامانی نے پ پ پ ضلع صدر محمد سالم زرداری اور ناری ڈیولپمنٹ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر9

رینجرز اور ایس آئی یو پولیس کا مشترکہ آپریشن — جمیل چھانگا گروہ کا کارندہ ہلاک — 2 ملزمان گرفتار

ہلاک ہونے والا ملزم سکندر عرف بابر کالیا عادی جرائم پیشہ تھا اور ماضی میں بھی سی ٹی ڈی کے ساتھ مقابلے کے دوران زخمی حالت میں گرفتار ہو کر جیل جا چکا تھا' ملزمان سے اسلحہ و ایمونیشن برآمد

کراچی (کرائم رپورٹر) پاکستان رینجرز (سندھ) اور ایس آئی یو پولیس نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کراچی کے علاقوں ناظم آباد اور گلبہار میں بھتہ خوری میں ملوث جمیل چھانگا گروہ کے خلاف مشترکہ آپریشن کیا۔ کارروائی کے دوران ملزمان نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں پر فائرنگ کر دی، جس کے جواب میں ہونے والی فائرنگ کے تبادلے میں انتہائی مطلوب ملزم سکندر عرف بابر کالیا ہلاک ہو گیا، جبکہ ملزم اسد عرف للو کو زخمی حالت میں اور ملزم زوہیب عرف شاہ صاحب کو بلا ضرب گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور ایمونیشن بھی برآمد کر لیا گیا ہے۔ ہلاک ہونے والا ملزم سکندر عرف بابر کالیا عادی جرائم پیشہ تھا اور ماضی میں بھی سی ٹی ڈی کے ساتھ مقابلے کے دوران زخمی حالت میں گرفتار ہو کر جیل جا چکا تھا۔ تحقیقات کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر7

صحافی نعمت اللہ چانڈیو کو تھانے منتقل کر کے ہراساں کرنے کا انکشاف

پولیس اہلکار سجاد گوجرا اپنے دو ساتھیوں کے ہمراہ سول کپڑوں میں زبردستی اپنے ساتھ لے گئے اور تھانہ سائٹ منتقل کر دیا

حیدرآباد (خصوصی رپورٹر) حیدرآباد کے نوجوان صحافی نعمت اللہ چانڈیو نے الزام عائد کیا ہے کہ انہیں 3 جون 2026 کی شب تقریباً 9 بجکر 40

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر14

چیئرمین گلبرگ کی سربراہی میں محرم کے انتظامات کے حوالے سے اجلاس

مجالس اور جلوسوں کی گزرگاہوں پر خصوصی صفائی ستھرائی کے انتظامات کیے جائیں گے

محکمے اپنی ذمہ داریاں بروقت انجام دیں گے تاکہ عزاداران کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ کی سربراہی میں محرم الحرام کے انتظامات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ٹاؤن آفس میں منعقد ہوا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر10

SSP حیدرآباد شاہ زیب چاچڑ نے بلیک میلنگ کو مسترد کرتے ہوئے سخت کارروائی

ماریہ ساریو خواجہ سراؤں کو اکسا کر ہنگامہ آرائی کرنے پر گرفتار، ماریہ اور خواجہ سراؤں کیخلاف مقدمہ درج

تمام ملزمان کو 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر سینٹرل جیل حیدرآباد بھیج دیا۔

حیدرآباد (کرائم رپورٹر: غلام عباس) ایس ایس پی حیدرآباد شاہ زیب چاچڑ نے بلیک میلنگ کو مسترد کرتے ہوئے سخت کارروائی کروائی۔ ایس ایس پی آفس میں بڑے عرصے سے متنازع خاتون کلرک ماریہ ساریو خواجہ سراؤں کو اکسا کر ہنگامہ آرائی کرنے پر گرفتار، ماریہ اور 15 خواجہ سراؤں کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ جنہیں زرداری نے چارج سنبھال

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر6

جیکب آباد: شہری اتحاد کا ڈپٹی کمشنر سے ملاقات، 66 KV ٹرانسمیشن لائن کی مرمت کا مطالبہ

بجلی کی طویل بندش سے کاروبار اور تعلیم شدید متاثر، ہنگامی اقدامات کیے جائیں: مولانا سلیم اللہ بروہی

ڈی سی جیکب آباد شہزاد سانگی کی وفد کو یقین دہانی، متعلقہ حکام کو کام تیز کرنے کی ہدایات جاری

جیکب آباد (رپورٹ: عبدالقیوم جکھرانی) شہری اتحاد تنظیم کے صدر مولانا سلیم اللہ خان بروہی کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے ڈپٹی کمشنر جیکب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر15

سرکاری جامعات' سائنسی محققین کی تنخواہیں 5 برس سے جمود کا شکار

معاشی مشکلات میں گھرے محققین تنخواہیں نہ بڑھنے سے ریسرچ کے بجائے دیگر پروجیکٹس کرنے پر مجبور

نئے بجٹ میں بھی ان کی تنخواہوں میں پی ایچ ڈی سمیت دیگر الاؤنسز شامل نہیں کیے جا رہے، ریسرچرز

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک بھر کی سرکاری جامعات میں کام کرنے والے سائنسی محققین کی تنخواہیں 5 برس سے جمود کا شکار ہیں اور قلیل آمدن پر ریسرچرز

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر23

انمول عرف پنکی قتل کیس: مدعی کے 164 کے بیان کے لیے درخواست دائر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی میں منشیات ڈیلر انمول عرف پنکی کے خلاف بلدیہ تھانے میں درج قتل کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔

گلشن اقبال چورنگی کے قریب مٹی سے بھرا ٹرک الٹ گیا، بڑا حادثہ ٹل گیا

حادثے کے نتیجے میں سڑک پر مٹی اور پتھر بکھر گئے جس سے ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی

کراچی (رپورٹ: احمد حارث قادری) گلشن اقبال چورنگی سے ریڈ میڈیکل سینٹر کی جانب جانے والی مرکزی شاہراہ پر مٹی اور پتھروں سے بھرا ایک بھاری ٹرک بریک فیل ہونے کے باعث اچانک بے قابو ہو کر الٹ گیا۔ حادثے کے نتیجے میں سڑک پر مٹی اور پتھر بکھر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر11

سندھ پبلک سروس کمیشن نے ڈپٹی ڈسٹرکٹ اٹارنی کی بھرتیوں کیلئے حتمی نتائج کا اعلان کر دیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ پبلک سروس کمیشن نے محکمہ قانون، پارلیمانی امور اور کرمنل تفتیش

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر24

ٹاؤنز میں ملازمین کو ہراساں کرنے کی شکایات پر ایم پی پی لیبر ونگ کا سخت نوٹس

نارتھ ناظم آباد، نیو کراچی، لیاقت آباد، جناح ٹاؤن اور لانڈھی ٹاؤن کی شکایات کی تحقیقات کا اعلان

سیف یار خان سے ملاقات، لیبر ونگ اور ورکنگ کمیٹی کو مزید متحرک کرنے کا فیصلہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میری پہچان پاکستان (MPP) کی سینٹرل کمیٹی لیبر ونگ نے کراچی کے مختلف ٹاؤنز میں بلدیہ کے ملازمین کے ساتھ ناروا، غیر شائستہ طریقہ کار

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر16

انفرا ضامن کی جانب سے ایگزی اسٹوریج پورٹ فولیو فنانسنگ سہولت کے آغاز کے موقع پر آفیشلز کا گروپ فوٹو

میر نادر علی ابڑو ڈائریکٹر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ مقرر

میر نادر علی ابڑو سماجی مصلح ماہر تعلیم اور بے باک صحافی کا مرید تاج محمد ابڑو کے صاحبزادے ہیں

کراچی (رپورٹ: امیر اوشاق علی میرانی) وزیر اعلیٰ سندھ کی ہدایت پر معروف ادیب، کالم نگار، سماجی رہنما اور سینئر پولیس افسر میر نادر علی ابڑو، جو طویل عرصے سے ترقی کے منتظر تھے، کو فوری نوٹیفکیشن کے ذریعے ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ سے ترقی دے کر ڈائریکٹر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ مقرر کر دیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ میر نادر علی ابڑو پاکستان کے نامور ادیب، دانشور، ریسرچ اسکالر، سیاستدان، سماجی مصلح، ماہر تعلیم اور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر12

سیرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہر حال اپنانا ہوگا، سردار محمد فاروق گجر

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ساڑھے 12 سال تک مسلمانوں کے امیر المومنین رہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام یو سی 8 کراچی کے جنرل سیکریٹری سردار محمد فاروق گجر نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ سیرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہر حال اپنانا ہوگا سیدنا عثمان غنی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر13

کمشنر سندھ سوشل سیکیورٹی ہادی بخش کلہوڑو کا ادارے کے حالیہ ریٹائرڈ ہونے والے ملازمین کے ہمراہ گروپ فوٹو